# مریضوں کے لیے صارف
# کی ایک قدم بقدم رہنمائی




# ▼ TRURAPI®

پہلے سے انسولین ایسپارٹ
(Insulin aspart) 100 یونٹ/ملی لیٹر سے بھرا ہوا پین

مزید معلومات کے لیے، براہِ کرم 'مریض کی ہدایاتِ استعمال' پرچے کا بھی
مطالعہ کریں جو آپ کے ®Trurapi پین کے ساتھ آتا ہے

یہ کتابچہ ذیابیطس کے مریض ان بالغ افراد کے لیے ہے جنہیں ®Trurapi تجویز کی گئی ہے۔

SANOFI

## یہ رہنمائی اپنی ®Trurapi استعمال کرنا شروع کرنے میں آپ کی مدد کے لیے معلومات فراہم کرتی ہے۔




# ®Trurapi کے بارے میں

## آپ کو ®Trurapi تجویز کی گئی ہے۔ ®Trurapi کھانے کے اوقات میں اپنے خون میں شوگر کی سطوح کو قابو میں رکھنے میں آپ کی مدد کرے گی۔

®Trurapi آپ کے خون میں شوگر کو آپ کے ٹیکہ لگانے کے 10-20 منٹ بعد کم کرنا شروع کرے گی اور اس کا اثر ٹیکہ لگنے کے بعد 3-5 گھنٹوں تک رہتا ہے۔ اس مختصر عمل کی وجہ سے، ®Trurapi کو عام طور پر دوسری درمیانے وقت کے لیے کام کرنے والی اور لمبے عرصے کے لیے کام کرنے والی انسولین کے ساتھ ملا کر لیا جانا چاہیئے۔

آپ کے ڈاکٹر یا نرس وضاحت کریں گے کہ آپ کو اپنی ®Trurapi کیسے لینی چاہیئے۔ ان کی ہدایات پر عمل کریں، اگر آپ کو اپنی انسولین لینے میں کوئی بھی مسائل ہو رہے ہیں تو مدد مانگتے ہوئے ڈریں مت۔

®Trurapi آپ کے ڈاکٹر یا نرس کی ہدایات کے مطابق کھانے سے قبل لی جانی چاہیئے۔

®Trurapi® SoloSTAR ایک پہلے سے بھرا ہوا ڈسپوزایبل انسولین پین ہے۔ اس سے پہلے کہ آپ اپنی ®Trurapi استعمال کرنا شروع کریں، پین کے ساتھ خود کو شناسا کرنا ایک اچھی تجویز ہے۔

# مشمولات


®Trurapi کیا ہے؟ 3

آپ کا ®Trurapi® SoloSTAR پین 4

اپنا ®Trurapi® SoloSTAR پین استعمال کے لیے تیار کرنا 5

اپنا ®Trurapi® SoloSTAR پین کیسے استعمال کرنا ہے 6

ٹیکہ کہاں لگانا ہے 11

اپنے ®Trurapi® SoloSTAR پین کو رکھنا 13


اپنے ®Trurapi® SoloSTAR پین کی دیکھ بھال کرنا 14

®Trurapi کے متعلق اکثر پوچھے گئے سوالات (FAQs) 15



یہ کتابچہ ®Trurapi استعمال کرنے میں آپ کی معاونت کے لیے تیار کیا گیا ہے۔
یہ خالصتاً آپ کے ڈاکٹر یا نرس کی جانب سے دیئے گئے مشورے میں بطور معاونت ہے اور یہ مریض کی معلومات کے پرچے کا متبادل نہیں ہے، اس لیے براہِ کرم اُس پرچے کو اس کتابچے کے ساتھ ملا کر پڑھیں۔

# اپنا ®Trurapi® SoloSTAR پین استعمال کے لیے تیار کرنا

ہر ایک ٹیکہ لگانے سے پہلے، اطمینان کر لیں کہ آپ کے پاس مندرجہ ذیل تیار ہے:



آپ کا
Trurapi® SoloSTAR®
پین



ایک نئی
جراثیم سے پاک سُوئی *



ٹوٹنے پھوٹنے سے محفوظ ایک ڈبہ* استعمال شدہ سوئیوں اور پینوں کے لیے

*براہِ کرم نوٹ فرمائیں کہ یہ اشیاء آپ کے ®Trurapi® SoloSTAR پین کے ساتھ فراہم نہیں کی جاتیں۔

! براہِ کرم سوئیوں کو پکڑتے وقت احتیاط کریں۔

## اپنا پین استعمال کرنے سے پہلے کرنے اور نہ کرنے والے کام

✓ ٹیکہ لگانے کی جگہ کو صاف کریں

✗ اگر پین نقصان زدہ ہے یا درست طریقے سے کام نہیں کر رہا تو اسے کبھی بھی استعمال مت کریں

✗ اپنا پین کبھی بھی کسی کے ساتھ مت بانٹیں

✓ ہمیشہ اپنے ہاتھ پیشگی دھوئیں

✓ ہمیشہ ایسے پین استعمال کریں جن کی 'انتہائی تاریخ استعمال' ڈبے پر درج تاریخ کے مطابق ابھی باقی ہو

✓ ہمیشہ لیبل کی پڑتال کریں

✓ ہمیشہ ٹیکہ لگانے سے پہلے ایک حفاظتی جانچ انجام دے لیں


# آپ کا انسولین
# Trurapi® SoloSTAR® پین

## پین کی بنیادی معلومات

- آپ کو 1 یونٹ کے اضافوں میں اپنی خوراک مقرر کرنے دیتا ہے
- زیادہ سے زیادہ 80 یونٹ فی ٹیکہ فراہم کرتا ہے
- ہر ایک نیا پین انسولین کے کُل 300 یونٹوں پر مشتمل ہوتا ہے
- ہر ایک نیا پین، جب ایک بار کھل جاتا ہے، 4 ہفتوں تک کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے

آپ کے ڈاکٹر یا نرس آپ کے لیے درست خوراک معلوم کرنے میں آپ کی مدد کریں گے۔

## Trurapi® SoloSTAR® پین کے مرکزی حصوں کا ایک تعارف




*چند ایک خوراکوں کا ٹیکہ لگانے تک آپ کو پلنجر نظر نہیں آئے گا۔

### خوراک کی ونڈو کو کیسے پڑھنا ہے




**طاق اعداد:**
جفت اعداد کے درمیان ایک لکیر کے طور پر دکھائے گئے ہیں





**جفت اعداد:**
خوراک کے پوائنٹر کی سیدھ میں دکھائے گئے ہیں


مرحلہ 2

# ایک نئی سُوئی لگائیں

! براہِ کرم سوئیوں کو پکڑتے وقت احتیاط کریں - یہ سُوئی سے ہونے والے زخم اور ایک فرد سے دوسرے فرد کو عفونت لگنے کے تدارک کے لیے ہے۔




**a** ایک نئی سُوئی لیں اور حفاظتی سیل کو چھیل لیں




**b** سُوئی کو بالکل سیدھا رکھیں اور اسے پین کے اوپر اچھی طرح لگ جانے تک کسیں

✗ ضرورت سے زیادہ نہ کسیں



**c** سُوئی کا بیرونی ڈھکن ہٹائیں۔ اسے بعد کے لیے رکھ لیں



**d** سُوئی کا اندرونی ڈھکن کھینچ کر اتاریں اور اسے پھینک دیں

✓ ہر ایک ٹیکہ لگانے کے لیے ہمیشہ ایک نئی جراثیم سے پاک سُوئی استعمال کریں۔ یہ رکاوٹ والی سوئیوں، آلودگی اور عفونت کو روکنے میں مدد دیتا ہے

✓ صرف ®Trurapi کے ساتھ موافق سوئیاں استعمال کریں


# اپنا ®Trurapi® SoloSTAR پین کیسے استعمال کرنا ہے

ان 6 اقدامات پر عمل کریں

! اگر آپ ایک نیا پین استعمال کر رہے ہیں، تو اسے استعمال کرنے سے کم از کم ایک گھنٹہ پہلے فریج سے نکالنا یاد رکھیں۔

## مرحلہ 1
## اپنے پین کی پڑتال کریں


! یہ خصوصاً تب اہم ہے اگر آپ کے پاس دیگر ٹیکہ لگانے والے پین بھی ہیں۔





**a** اپنے پین کے لیبل پر نام اور انتہائی تاریخِ استعمال کی پڑتال کریں

✓ تسلی کر لیں کہ آپ کے پاس درست انسولین ہے

✗ کبھی بھی اپنا پین انتہائی تاریخِ استعمال گزر جانے کے بعد استعمال نہ کریں



**b** پین کا ڈھکن کھینچ کر اتاریں





**c** پڑتال کریں کہ انسولین صاف ہے

✗ اگر انسولین دھندلی، رنگدار نظر آتی ہے یا اس میں ذرات ہیں تو پین استعمال نہ کریں

مرحلہ
4


# درست خوراک منتخب کریں




a

**تسلی کر لیں کہ سُوئی لگی ہوئی ہے اور خوراک "0" پر مقرر ہے**

✗ سُوئی لگائے بغیر کبھی بھی خوراک منتخب نہ کریں، یا ٹیکہ لگانے کا بٹن نہ دبائیں۔ اس سے آپ کا پین خراب ہو سکتا ہے




b

**خوراک منتخب کرنے والے حصے کو گھمائیں تاوقتیکہ آپ کا خوراک کی نشاندہی کرنے والا حصہ آپ کی خوراک کی لکیر کے برابر آ جائے**

! اگر آپ اپنی خوراک سے آگے تک گھماتے ہیں تو آپ پیچھے کو گھما کر کم کر سکتے ہیں


! جب خوراک منتخب کرنے والا پین میں باقی یونٹوں کی تعداد تک پہنچے گا تو یہ رک جائے گا


! اگر آپ اپنی پوری تجویز کردہ خوراک منتخب نہیں کر سکتے تو خوراک کو دو ٹیکوں میں تقسیم کر لیں یا ایک نیا Trurapi® SoloSTAR® پین استعمال کریں

مرحلہ 3

# ایک حفاظتی جانچ انجام دیں

! ہر ٹیکہ لگانے سے پہلے ایک حفاظتی جانچ انجام دیں یہ اطمینان کرنے کے لیے کہ آپ کا پین اور سُوئی ٹھیک کام کر رہے ہیں اور یہ یقینی بنانے کے لیے کہ آپ انسولین کی درست خوراک لگاتے ہیں۔



**a** خوراک منتخب کرنے والے حصے کو گھماتے ہوئے 2 یونٹ منتخب کریں تاوقتیکہ خوراک کی نشاندہی کرنے والا حصہ 2 کے نشان پر ہو

**b** ٹیکے کا بٹن اندر تک پورا دبائیں

✓ اگر سُوئی کی نوک سے انسولین باہر نکلتی ہے، تو اس کا مطلب ہے کہ آپ کا پین ٹھیک کام کر رہا ہے

✗ اپنے پین سے انسولین نکالنے کے لیے کبھی بھی سرنج استعمال نہ کریں

**اگر کوئی انسولین نظر نہ آئے، تو تین بار تک حفاظتی جانچ کو دہرائیں**


! اگر تیسری بار کے بعد کوئی انسولین نظر نہ آئے، تو سُوئی تبدیل کریں اور جانچ کو دہرائیں

! اگر مزید جانچ کرنے کے بعد سُوئی کی نوک سے کوئی انسولین نہ نکلے تو پین استعمال نہ کریں۔ ایک نیا پین استعمال کریں

! اگر آپ کو ہوا کے بلبلے نظر آئیں تو پریشان نہ ہوں کیونکہ یہ عام بات ہے اور آپ کو نقصان نہیں ہو گا

# ٹیکہ کہاں لگانا ہے


آپ ®Trurapi کا ٹیکہ اپنے جسم پر چار
حصوں میں سے ایک حصے پر
لگا سکتے ہیں۔




## ٹیکہ لگانے کی تجاویز




جلد میں ہونے والی تبدیلیوں جیسے کہ جلد کے نیچے گومڑ بننے کو روکنے کے لیے ٹیکہ لگانے کی جگہ بدلی جانی چاہیئے۔ اگر آپ ایک گومڑ والے حصے میں ٹیکہ لگاتے ہیں تو ہو سکتا ہے انسولین بہت اچھی طرح کام نہ کرے۔ اس وقت اگر آپ ایک گومڑ والے حصے میں ٹیکہ لگا رہے ہیں تو ایک مختلف حصے میں ٹیکہ لگانا شروع کرنے سے پہلے اپنے ڈاکٹر سے رجوع کریں۔ آپ کا ڈاکٹر آپ سے کہہ سکتا ہے کہ اپنے خون میں شوگر کی پڑتال زیادہ دھیان سے کریں اور اپنی انسولین یا ذیابیطس مخالف دیگر ادویات کی خوراک درست کریں۔





جلد پر چٹکی
مت کاٹیں



ایک ٹیکہ لگانے کے
بعد ٹیکہ لگانے کی
جگہ کو مت رگڑیں

## مرحلہ 5
## اپنی خوراک کا ٹیکہ لگائیں





**a** ٹیکہ لگانے کی ایک جگہ منتخب کریں (ممکنہ جگہوں کے لیے اگلا سیکشن دیکھیں)


**b** سُوئی کو اپنی جلد میں داخل کریں جیسا کہ آپ کے ڈاکٹر، فارماسسٹ یا نرس کی جانب سے دکھایا گیا ہے

✗ ابھی ٹیکہ لگانے والے بٹن کو مت چھوئیں

**c** اپنا انگوٹھا ٹیکہ لگانے والے بٹن پر رکھیں۔ پھر نیچے تک دبائیں اور دبائے رکھیں

✗ اگر آپ کو بٹن دبانا مشکل لگے تو ٹیکہ لگانے والے بٹن سے زور آزمائی مت کریں۔ اس سے آپ کا پین ٹوٹ سکتا ہے

✗ ایک زاویئے پر مت دبائیں کیونکہ آپ کا انگوٹھا خوراک منتخب کرنے والے کو گھومنے سے روک سکتا ہے




**d** ٹیکہ لگانے کے بٹن کو نیچے دبائے رکھیں۔ جب آپ کو خوراک کی ونڈو میں "0" نظر آئے، تو آہستہ آہستہ 1 سے 10 تک گنتی گنیں۔ اس سے آپ کو پوری خوراک لگنے کی تسلی ہو جائے گی

**e** پکڑے رکھنے اور آہستہ سے 10 تک گننے کے بعد، ٹیکہ لگانے والے بٹن کو چھوڑ دیں۔ پھر پین کو ٹیکہ لگانے والی جگہ سے ہٹا لیں

**اگر آپ کو ٹیکہ لگانے والا بٹن اندر کی طرف دبانا مشکل لگے تو زبردستی نہ کریں، کیونکہ اس سے آپ کا پین ٹوٹ سکتا ہے:**

1. سُوئی تبدیل کریں اور ایک حفاظتی جانچ انجام دیں
2. اگر آپ کو ابھی بھی اندر کو دبانا مشکل لگے، تو ایک نیا پین استعمال کریں
3. انسولین کو کبھی بھی ایک سرنج کے ساتھ اپنے پین سے نکالنے کی کوشش مت کریں

# اپنے Trurapi® SoloSTAR® پین کو رکھنا

یقینی بنائیں کہ آپ نے اپنا Trurapi® SoloSTAR® پین استعمال کرنے سے پہلے ذیل میں دی گئی معلومات کو پڑھ اور سمجھ لیا ہے۔

## اپنے پین کو سنبھال کر رکھنا

1. کوئی بھی غیر کھلے ہوئے پین فریج (فریزر نہیں) میں رکھیں۔ درجۂ حرارت 2°C اور 8°C کے درمیان ہونا چاہیئے
2. ایک نیا پین استعمال کرنے سے پہلے، اسے پہلی بار استعمال سے ایک گھنٹہ پہلے فریج سے نکالیں
3. اپنا پہلا ٹیکہ لگانے کے بعد، اپنے پین کو 30°C سے کم درجۂ حرارت پر رکھیں (اپنا پین کبھی بھی واپس فریج میں نہ رکھیں)۔ اپنے پین کو ہمیشہ براہِ راست گرمی اور روشنی سے دور رکھیں
4. جب ایک بار کھل جائے، ہر پین کو زیادہ سے زیادہ 4 ہفتوں کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے
5. **ہر بار جب آپ ٹیکہ لگائیں تو ہمیشہ ایک نئی جراثیم کشی کردہ سُوئی استعمال کریں۔**
6. **سوئیوں کو کبھی بھی دوبارہ استعمال نہ کریں۔** اگر آپ دوبارہ استعمال کرتے ہیں تو ہو سکتا ہے آپ اپنی خوراک پوری نہ لے سکیں (کم خوراک لینا) یا بہت زیادہ (مجوزہ سے زیادہ خوراک لینا) لے لیں کیونکہ سُوئی میں رکاوٹ ہو سکتی ہے
7. **اپنے پین کو کبھی بھی سُوئی لگا کر مت سنبھال کر رکھیں**

مرحلہ

6

## سُوئی نکال لیں


**! براہِ کرم سوئیوں کو پکڑتے وقت احتیاط کریں - یہ سُوئی سے ہونے والے زخم اور ایک فرد سے دوسرے فرد کو عفونت لگنے کے تدارک کے لیے ہے۔ نیز، کبھی بھی سُوئی کا اندرونی ڈھکن دوبارہ نہ لگائیں۔**

**a** **سُوئی کا بیرونی ڈھکن سُوئی پر واپس لگائیں، اور اسے سُوئی کو گھما کر پین سے اتارنے کے لیے استعمال کریں**


! حادثاتی طور پر سُوئی سے زخم لگنے کے خطرے کو کم کرنے کے لیے، کبھی بھی سُوئی کا اندرونی ڈھکن تبدیل مت کریں

! اگر آپ کو ٹیکہ کسی اور فرد کی جانب سے لگایا جاتا ہے، یا اگر آپ کسی اور فرد کو ٹیکہ لگا رہے ہیں، تو سُوئی نکالتے اور تلف کرتے وقت اس فرد کی جانب سے خصوصی احتیاط برتنا لازمی ہے

! حادثاتی طور پر سُوئی سے چوٹ لگنے اور انفیکشن سے پھیلنے والی بیماریوں کے خطرے کو کم کرنے کے لیے سوئیاں نکالنے اور تلف کرنے کے مجوزہ حفاظتی اقدامات پر عمل کریں (اپنے ڈاکٹر، فارماسسٹ یا نرس سے رابطہ کریں)



**b** **استعمال شدہ سُوئیاں ٹوٹ پھوٹ سے محفوظ ڈبے میں پھینکیں، یا جیسے آپ کے فارماسسٹ یا مقامی محکمے کی جانب سے کہا گیا ہو**



**c** **پین کا ڈھکن واپس لگا دیں**

✗ پین کو واپس فریج میں نہ رکھیں

**! انسولین کو کبھی بھی ایک سرنج کے ساتھ اپنے پین سے نکالنے کی کوشش مت کریں**

# ®Trurapi کے بارے میں اکثر پوچھے گئے سوالات

**اگر پین کے کنٹینر میں ہوا کے بلبلے ہو تو میں کیا کروں؟**

پین کے کنٹینر میں ہوا کے چھوٹے چھوٹے بلبلے ہونا عام بات ہے اور وہ آپ کو نقصان نہیں پہنچائیں گے۔ آپ کی خوراک ابھی بھی درست ہو گی اور آپ ہدایات کے مطابق پین استعمال کرنے کے قابل ہوں گے۔

**اگر فعال ہونے کے دوران کوئی انسولین نہیں نکلتی تو پھر؟**

سُوئی میں رکاوٹ ہو سکتی ہے یا ہو سکتا ہے وہ ٹھیک طریقے سے گھما کر نہ لگائی گئی ہو۔ سُوئی کو نکال لیں اور ایک نئی سُوئی لگائیں۔ اگر پھر بھی سُوئی کی نوک سے کوئی انسولین نہیں نکل رہی۔ ایک نیا پین استعمال کریں۔

**اگر ٹیکہ لگانے کے بٹن کو بالکل نیچے دبانا مشکل ہو تو میں کیا کروں؟**

سُوئی نکال لیں اور پڑتال کریں کہ یہ درست طریقے سے گھما کر لگائی گئی ہے۔
اگر پھر بھی ٹیکہ لگانے کے بٹن کو دبانا مشکل ہو تو سُوئی میں رکاوٹ ہو سکتی ہے،
اس لیے اسے نکالیں اور ایک نئی سُوئی لگا لیں۔ اگر پھر بھی کوئی انسولین نہیں نکلتی تو آپ کا ®Trurapi® SoloSTAR پین خراب ہو سکتا ہے، اس لیے پین استعمال نہ کریں۔

**اگر میں حادثاتی طور پر خود کو اپنا ®Trurapi® SoloSTAR پین فعال ہونے سے پہلے ٹیکہ لگا لوں تو میں کیا کروں؟**

خود کو دوسرا ٹیکہ لگا کر اس کی اصلاح کرنے کی کوشش نہ کریں۔ اس بارے میں مشورہ لینے کے لیے اپنے ڈاکٹر یا نرس سے رابطہ کریں کہ اپنے خون میں شوگر کی پڑتال کیسے کرنی ہے۔

**کیا ہر ٹیکہ لگنے کے بعد مجھے اپنی سُوئی تبدیل کرنی پڑتی ہے؟**

جی ہاں – ایک سُوئی کو کبھی بھی ایک سے زیادہ بار استعمال نہ کریں۔ یہ ٹیکہ لگنے والی جگہ پر انفیکشنوں سے حفاظت کرے گا اور سُوئی میں رکاوٹ ہونے کو روکے گا۔

**اگر میں ®Trurapi لینے کے وقت پر ہی دوسری ادویات لے رہا/رہی ہوں (یا لینے کا ارادہ رکھتا/رکھتی ہوں) تو پھر؟**

اگر آپ کوئی اور ادویات لے رہے ہیں، حال ہی میں لے چکے ہیں یا لے سکتے ہیں تو آپ کو اپنے ڈاکٹر، فارماسسٹ یا نرس کو بتانا چاہیئے، کیونکہ کچھ ادویات کا اثر ®Trurapi سے متاثر ہو سکتا ہے۔
اس سے گریز کرنے کے لیے آپ کو اس وقت کو تبدیل کرنے کی ضرورت ہو سکتی ہے جس وقت پر آپ دیگر ادویات لیتے ہیں۔

اگر آپ کو اکثر پوچھے گئے سوالات میں سے کسی کے بارے میں شک ہو، تو براہِ کرم اپنے ڈاکٹر یا نرس سے بات کریں، یا کال کریں:

Sanofi طبی معلومات **08000 35 25 25**۔

# اپنے Trurapi® SoloSTAR® پین کی دیکھ بھال کرنا

## اپنے پین کا خیال کیسے رکھنا ہے

- آپ ایک نم کپڑے کے ساتھ اپنے Trurapi® SoloSTAR® پین کو صاف کر سکتے ہیں، لیکن اپنے پین کو مت ڈبوئیں یا دھوئیں
- اگر آپ کا پین استعمال کرنا مشکل ہو جاتا ہے تو اسے مرمت کرنے کی کوشش مت کریں، ایک نیا پین استعمال کریں
- آپ Trurapi® SoloSTAR® پین ہمہ وقت اپنے ساتھ رکھ سکتے ہیں۔ مندرجہ ذیل کے ذریعے اپنے پین کا خیال رکھنے میں مدد کریں:
  - اسے نہ گرا کر یا اسے سخت سطحوں پر نہ مار کر
  - اسے دھول اور مٹی سے بچا کر
- ایک اضافی پین اور اضافی سُوئیاں اپنے پاس رکھیں ایسی صورتحال کے لیے کہ موجودہ گم جائے یا کام کرنا چھوڑ دے




## اپنا پین تلف کرنا جب یہ خالی ہو، یا زائدالمیعاد ہو جائے

ایک بار فعال ہو جانے کے بعد آپ اپنے Trurapi® SoloSTAR® پین کو 4 ہفتوں کے لیے سنبھال سکتے ہیں۔ اس وقت کے بعد، آپ لازماً اسے پھینک دیں، حتیٰ کہ اگر اس میں کچھ دوا باقی بھی بچ گئی ہو۔ پین کا ڈھکن تبدیل کریں اور پین کو ایسے طریقے سے تلف کریں جس کی تجویز آپ کے ڈاکٹر یا نرس کی جانب سے دی گئی ہو۔[2]

جب خوراک کی نشاندہی کرنے والا خوراک کے پیمانے پر '0' پر پہنچ جائے، اور ٹیکہ لگانے کا بٹن مزید باہر نہ کھینچا جا سکتا ہو تو آپ پین کو خالی کہہ سکتے ہیں۔

# یاد رکھیں

✔ ہمیشہ ایک اضافی پین اور اضافی سُوئیاں اپنے پاس رکھیں ایسی صورتحال کے لیے کہ موجودہ گم جائے یا خراب ہو جائے۔

✔ ہر بار جب آپ ٹیکہ لگائیں تو ہمیشہ ایک نئی جراثیم سے پاک سُوئی استعمال کریں۔

✗ ایک نیا پین فریج سے نکالتے ہی استعمال مت کریں کیونکہ یہ آپ کے ٹیکہ لگانے کو تکلیف دہ محسوس کروائے گا - کم از کم ایک گھنٹہ انتظار کریں

✗ اپنا پین کبھی بھی کسی کے ساتھ مت بانٹیں - آپ کی ®Trurapi اکیلے آپ کے لیے ہے

✗ انسولین کو کبھی بھی ایک سرنج کے ساتھ اپنے پین سے نکالنے کی کوشش مت کریں




مکمل حفاظتی معلومات اور ہدایات برائے استعمال کے لیے، براہِ کرم اپنے ®Trurapi® SoloSTAR پیک میں 'ہدایات برائے استعمال' پرچے کا مطالعہ کریں۔

**مضر اثرات کی اطلاع دینا:** اگر آپ پر کوئی بھی مضر اثرات ہوتے ہیں، تو اپنے ڈاکٹر، فارماسسٹ یا نرس سے بات کریں۔ اس میں کوئی بھی ممکنہ مضر اثرات شامل ہیں جو پیکٹ میں دیئے گئے دستی پرچے میں درج نہیں ہیں۔ یہ دوا اضافی نگرانی سے مشروط ہے۔ یہ نئی حفاظتی معلومات کی فوری پہچان کے قابل بنائے گی۔ آپ مضر اثرات کی اطلاع yellowcard.mhra.gov.uk پر Yellow Card Scheme کے ذریعے براہِ راست بھی دے سکتے ہیں۔

مضر اثرات کی اطلاع Sanofi کو بھی دی جانی چاہیئے۔ ٹیلی فون **0800 090 2314** یا ای میل کریں **UK-drugsafety@sanofi.com**

مضر اثرات کی اطلاع دے کر آپ اس دوا کے محفوظ ہونے پر مزید معلومات فراہم کرنے میں مدد کر سکتے ہیں۔

▼یہ دوا اضافی نگرانی سے مشروط ہے۔ یہ نئی حفاظتی معلومات کی فوری پہچان کے قابل بنائے گی۔


Sanofi طبی معلومات: 08000 35 25 25
Sanofi, 410 Thames Valley Park Drive, Reading, Berkshire, RG6 1PT



تاریخ تیاری: دسمبر 2021 | MAT-GB-2103305(v1.0)